فوری ریلیز کے لیے: 2023/20/4 گورنر KATHY HOCHUL

## گورنر HOCHUL نے بیئر ماؤنٹین برج کی صد سالہ تقریبات کے آغاز کا اعلان کیا ہے

### مشہور ہڈسن ویلی کا معلق برج 2024 میں 100 سالہ جشن منائے گا

### 1923 میں شروع ہونے والے تعمیراتی کام کا جشن منانے کے لیے ایک ٹائم کیپسول مختص کیا گیا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج 2024 میں بیئر ماؤنٹین برج کی آنے والی صد سالہ یادگار کے حوالے سے تقریبات کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ اب اور 2024 کے موسم خزاں کے درمیان، ہڈسن ویلی کے سب سے زیادہ جانے پہچانے ایک تعمیراتی ڈھانچے کا جشن منانے کے لیے کئی تقریبات اور اقدامات حالیہ طور جاری ہیں، جن میں ایک صد سالہ ویب سائٹ، ایک دستاویزی فلم اور ایک بین الاقوامی برج انجینئرنگ کانفرنس شامل ہے۔ یہ اعلان کرنے کے لیے آج برج پر ریاست نیویارک برج اتھارٹی میں مختلف رہنما اور کمیونٹی کے اراکین شامل ہوئے تھے۔ شرکاء نے ایک ٹائم کیپسول بھی مختص کیا تاکہ برج کی تعمیر کے آغاز کے 100 سال مکمل ہونے کی یاد منائی جائے۔

"نیو یارک میں عالمی معیار کے بنیادی ڈھانچے تخلیق کرنے کی ایک طویل تاریخ موجود ہے جس نے ہماری ریاست کو تبدیل کر دیا ہے -- جو ایک ایسی روایت ہے جو آج تک بدستور جاری ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جبکہ ہم بیئر ماؤنٹین برج کی صد سالہ یاد منانا شروع کر رہے ہیں، تو مجھے امید ہے کہ رہائشی اور سیاح یکساں طور پر ہڈسن ویلی کے اس قیمتی برج کی اہمیت کو سراہتے رہیں گے۔"

**لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا** "بیئر ماؤنٹین برج کئی نسلوں سے اپنی جگہ قائم ہے، جو شمال مشرق میں کچھ بہترین بیرونِ خانہ تفریح کے لیے ایک گیٹ وے فراہم کرتا ہے اور مقامی لوگوں اور سیاحوں کے لیے یکساں طور پر ایک اہم راستے کا کام دیتا ہے۔ اس کی صد سالہ تقریب کے موقع پر، آئیے — ماضی، حال اور مستقبل — کے اپنے نیویارک کے ساتھی شہریوں کو یاد رکھیں جو بڑے خواب دیکھتے ہیں، جو ہماری کمیونٹیز میں تعمیراتی کام کرتے ہیں، جو ناممکن کو ممکن بناتے ہیں، اور جو اس جگہ کو 'امپائر سٹیٹ' کے عرفی نام کے مطابق ڈھالتے ہیں۔"

بیئر ماؤنٹین برج 26 نومبر 1924 کو مختص کیا گیا تھا۔ البانی کے جنوب میں دریائے ہڈسن پر گاڑیوں کا پہلا برج اور کنکریٹ کے ڈیک کے ساتھ پہلا معلق برج ہونے کے ناطے یہ اپنے وقت کے لیے انجینئرنگ کی ایک اہم کامیابی تھی۔ کچھ مختصر مدت کے لیے، اس برج کو "دنیا میں سب سے طویل ترین معلق مرکزی چوڑائی والے برج" کا لقب بھی حاصل رہا۔ بہت سے لوگ اس بات کو سمجھتے ہیں کہ بیئر ماؤنٹین برج کے ساتھ ہونے والے اختراعی کاموں سے ریاست نیویارک اور پورے ملک میں برج بنانے کے کاموں میں تیزی آئی ہے۔

بنیادی طور پر یہ برج ایک پرائیویٹ انٹرپرائز، بیئر ماؤنٹین ہڈسن ریور برج کمپنی نے بنایا تھا، جس کا تعلق معروف Harriman خاندان سے تھا جس نے بیئر ماؤنٹین ریاستی پارک اور دیگر قریبی عوامی زمینوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کی تھی۔ اس کی تعمیر 1923 کے موسم بہار میں شروع ہوئی تھی اور کسی جانی نقصان کے بغیر، 20 ماہ تک جاری رہی تھی۔ اپنے افتتاح کے بعد، اس برج کی وجہ سے تیزی سے مقبول و مشہور ہوتے ہوئے آٹوموبائل کے صارفین کا قریبی ریاستی پارک تک براہ راست رابطہ استوار ہو گیا تھا۔

1924 میں اس برج کے افتتاح کے وقت، مسافروں کے لیے اضافی چارجز سمیت، مسافر گاڑی کے لیے آنے جانے کے سفر کا محصول $1.60 تھا۔ 1 مئی 2023 سے، مسافروں کی تعداد سے قطع نظر، آنے جانے کے سفر کا محصول، E-ZPass ڈرائیوروں کے لیے $1.65 اور ڈاک والے صارفین کے لیے یہ محصول $2.15 ہو گا۔

ستمبر 1940 میں، ریاست نیویارک کی برج اتھارٹی (New York State Bridge Authority، NYSBA) نے یہ برج حاصل کر لیا تھا، جو فی الحال NYSBA کا جنوب کی جانب سب سے دور دراز برج ہے۔ 2018 میں، اس برج کو پرپل ہارٹ وصول کرنے والوں کے اعزاز میں اور علاقے کی بھرپور فوجی تاریخ کے اعتراف میں، "پرپل ہارٹ ویٹرنز میموریل" بیئر ماؤنٹین برج کا رسمی خطاب ملا تھا۔

یہ برج چار کاؤنٹیز کے سنگم پر واقع ہے: دریا کے مغربی جانب اورنج اور راک لینڈ اور مشرق کی طرف ویسٹ چیسٹر اور پٹنیم۔ سالانہ 7 ملین سے زیادہ گاڑیوں کے کام آنے کےعلاوہ، یہ برج اپالاچین ٹریل کے لیے دریائے ہڈسن عبور کرنے والا مقام بھی ہے، جبکہ یہ سفر کا ایک قومی راستہ بھی ہے جس پر مین اور جارجیا کے درمیان 2,000 میل سے زیادہ کا فاصلہ طے کیا جا سکتا ہے۔

**ریاستِ نیویارک برج اتھارٹی کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر Minosca Alcantara نے کہا،** "برج اتھارٹی کے احتیاطی دیکھ بھال کے پروگرام کی بدولت، پہلی مرتبہ تعمیر کیے جانے کے ایک صدی بعد بھی، بیئر ماؤنٹین برج، دریائے ہڈسن پر فخر سے ایستادہ ہے۔ آخر کار، یہ صد سالہ تقریب، ان محنتی مردوں اور عورتوں کا جشن ہے جنہوں نے اس برج کی تعمیر، دیکھ بھال اور حفاظت کی ہے تاکہ یہ برج، وادی ہڈسن کی خدمت کی ایک نئی صدی میں داخل ہو سکے۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ پارکس، تفریح و تحفظِ تاریخ کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا،** "ہم ریاستی پارکس کی جانب سے برج اتھارٹی کو مبارکباد دیتے ہیں کہ وہ لوگوں کو ہر روز خاندان، دوستوں اور ساتھیوں کے ساتھ مربوط ہونے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ ہم ان کے کام پر بھروسہ کرتے ہیں، ان کی انجینئرنگ پر حیران ہوتے ہیں اور اس ٹائم کیپسول میں شامل کیے جانے پر شکر گزار ہیں کیونکہ بیئر ماؤنٹین میں یہ ٹائم کیپسول ہمیں اگلے 100 سالوں سے جوڑ دیتا ہے۔"

**ریاست نیویارک کے دفتر برائے عمومی خدمات کی کمشنر Jeanette Moy نے کہا،** "دفتر برائے عمومی خدمات (Office of General Services, OGS) پرجوش ہے کہ بیئر ماؤنٹین برج کی صد سالہ تقریب کا آغاز کرتے ہوئے برج اتھارٹی کے ساتھ شامل ہے۔ ٹائم کیپسول میں OGS کی شمولیت میں ایک اخبار اور ریاست نیو یارک کے مرکز میں جسٹس Ruth Bader Ginsburg کی شبیہہ کی آئندہ اور تاریخ ساز مجسمہ سازی سے منسلکہ چونے کا ایک ٹکڑا شامل ہے۔ یہ چیزیں خواتین کے حقوق کی تحریک کی جائے پیدائش کے طور پر، نیویارک کی حیثیت کا احترام کرتی ہیں اور ہماری ریاست کے نمایاں اہم مقامات کے محافظوں کے طور پر، ریاستی ایجنسیوں اور حکام کے اہم کردار کو خراج تحسین پیش کرتی ہیں۔"

**ریاست نیویارک کے محکمۂ آمدورفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "جب بیئر ماؤنٹین برج پہلی بار تعمیر کیا گیا تھا تو یہ انجینئرنگ کا ایک معجزہ تھا، اور یہ حقیقت کہ ہم اس کی صد سالہ تقریب منا رہے ہیں، اس بات کا ثبوت ہے کہ لچکدار، پائیدار بنیادی ڈھانچے کے ساتھ کیا کامیابیاں حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یہ تاریخی برج، ہڈسن ویلی کے منظر نامے کا ایک انمٹ حصہ بن گیا ہے اور اس صدی کی کامیابی کو ایک ٹائم کیپسول سے عزت بخشتے ہوئے، ہم انجینئرنگ والی ایجادات کے اگلے 100 سالوں کے لیے ایک مضبوط بنیاد رکھ رہے ہیں۔"

**ریاست نیویارک برج اتھارٹی کے بورڈ آف کمشنرز کی صدر Joan McDonald نے کہا،** "جب سے 1940 میں برج اتھارٹی نے اس برج کی ملکیت حاصل کی ہے، تب سے NYSBA بورڈ آف کمشنرز نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کیا ہے کہ بیئر ماؤنٹین برج، ہڈسن ویلی کے رہائشیوں اور آنے والوں کے لیے دریا پار کرنے کا ایک محفوظ، قابل بھروسہ، اور سستا ذریعہ بنا رہے۔ جبکہ ہم یہ ٹائم کیپسول مختص کر رہے ہیں، تو ہم اس مشن کے لیے

خود اپنے آپ سے دوبارہ عہد کرتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ اب سے 100 سال بعد کے مسافر بھی اس پیارے دور اور اس خوبصورت گھر کہلانے والی جگہ کو محسوس کر سکیں۔"

**کانگریسی رکن Mike Lawler نے کہا،** "جب ہم بیئر ماؤنٹین برج کی صد سالہ سالگرہ منا رہے ہیں، تو ہم زیریں ہڈسن ویلی کے لیے یہ تاریخی اہم مقام جس اہمیت کا حامل ہے اسے تسلیم کرتے ہیں۔ یہ برج اورنج، راک لینڈ، ویسٹ چیسٹر، اور پٹنم کی کاؤنٹیز کے درمیان ایک اہم ربط رہ چکا ہے، یہ کمیونٹیز کو مربوط کر رہا ہے اور ہڈسن ویلی میں ایک صدی سے معاشی ترقی کو فروغ دے رہا ہے۔ بیئر ماؤنٹین برج واقعی وقت کی کسوٹی سے گزر چکا ہے اور ہم اپنے علاقے کے لیے مزید کئی سالوں تک اس کی خدمات کے منتظر ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Pete Harckham** نے کہا، "ایک ٹائم کیپسول، ہماری آنے والی نسلوں کے ساتھ ہمارا ایک براہ راست رابطہ ہوتا ہے، جو انہیں ہماری کامیابیوں، امیدوں اور خوابوں کے ساتھ خود ہمارے اپنے وقت کی ایک جھلک بھی فراہم کرتا ہے۔ مجھے اس بات کا اعزاز حاصل ہے کہ اس ٹائم کیپسول میں ریاستی سینیٹ کی کچھ اہم کوششوں کو شامل کرنے کے لیے، مجھے مدعو کیا گیا ہے، جو کل کے نیویارک کے شہریوں کی مدد کے لیے تشکیل دی گئی تھیں۔"

**ریاستی سینیٹر Robert G. Rolison نے کہا،** "بیئر ماؤنٹین برج تقریباً ایک صدی سے لوگوں اور سامان کی نقل و حرکت میں مدد کر رہا ہے۔ یہ پھیلا ہوا تاریخی برج ہمارے حلقوں کی خدمت کرتا ہے جبکہ اس کے ساتھ ہڈسن سطح مرتفع کے علاقوں اور اس کے ماحول کے دلکش نظارے پیش کرتا ہے۔ میں ان مردوں اور عورتوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے NYSBA کے اس دور دراز جنوبی علاقے کو محفوظ اور برقرار رکھا ہے، جبکہ اس کے ساتھ ہمارے ہڈسن ویلی کے علاقے کی چار کاؤنٹیوں کے لیے ایک اہم ربط پیش کیا ہے۔"

**خاتونِ رکنِ اسمبلی Dana Levenberg نے کہا،** "اس خاص ٹائم کیپسول میں شراکت کے ساتھ، میں بیئر ماؤنٹین برج کی 100 ویں سالگرہ منانے کے قابل ہونے پر خوش ہوں۔ میری پیشرو، خاتونِ رکنِ اسمبلی Sandy Galef نے اس قانون کی حمایت کی تھی جس نے پرپل ہارٹ ویٹرنز کی اور خود اس خطے کے لیے اس برج کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اس برج کو پرپل ہارٹ ویٹرنز میموریل بیئر ماؤنٹین برج کا نام دیا تھا۔ مجھے امید ہے کہ مناسب فنڈنگ اور دیکھ بھال کے ساتھ، یہ برج آنے والے کئی سالوں تک کام کرتا رہے گا۔"

**پٹنیم کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Kevin Byrne نے کہا،** "بیئر ماؤنٹین برج میرے دل میں ایک خاص مقام رکھتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ پوری وادی ہڈسن میں سب سے زیادہ خوبصورت نظاروں کا گھر ہے اور یہی وہ جگہ ہے جہاں میں نے اپنی بیوی کو پروپوز کیا تھا۔ یہ واقعی ایک ایسا تاریخی مقام ہے جو جشن منانے کے لائق ہے اور میں پٹنیم کاؤنٹی کے رہائشیوں کو جانتا ہوں جو اس برج کو باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں ساتھ ہی اس کی پیش کردہ عظمت کی تعریف کرتے ہیں۔"

**راکلینڈ کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Ed Day نے کہا،** "مجھے ٹائم کیپسول وقف کرنے کے لیے آج یہاں آ کر بہت خوشی ہو رہی ہے کیونکہ ہم بیئر ماؤنٹین برج کی تعمیر کی 100ویں سالگرہ منانے کے لیے تیار ہو رہے ہیں جو ہڈسن ویلی کے علاقے میں رابطہ قائم کرتا ہے۔ راک لینڈ کاؤنٹی ٹریول گائیڈ کی تازہ ترین اشاعت کو اس کیپسول میں شامل کیا جائے گا، اور یہ دیکھنا دلچسپی کی بات ہو گی کہ اب سے مزید اگلے 100 سالوں میں ہمارے علاقے میں کیا تبدیلی آئے گی۔ راک لینڈ کے تمام شہریوں کی جانب سے، راک لینڈ کاؤنٹی کو اس وقت پر اس خاص تاریخی لمحے کا حصہ بننے پر فخر ہے۔"

**ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو George Latimer نے کہا،** "جب ہم بیئر ماؤنٹین برج کی صد سالہ تقریبات کا آغاز کر رہے ہیں، تو ہم اس شاندار ڈھانچے کی تعمیر کے لیے بروئے کار لائی گئی ذہانت اور محنت کا احترام کرتے ہیں۔ اس برج نے ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کو دیگر کمیونٹیز کے ساتھ مربوط کیا ہے اور کئی نسلوں کے لیے اقتصادی ترقی کی نگہبانی کی ہے۔ یہ برج ایک صدی سے لچک اور ترقی کی علامت کے طور پر کام کر رہا ہے۔ جس عزم و ہمت کے ساتھ اس شاندار برج کو تعمیر کیا گیا ہے، آئیے ہم اسی عزم اور جدت کے ساتھ مستقبل کا انتظار کرتے ہیں۔"

**اورنج کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steven M. Neuhaus نے کہا،** "بیئر ماؤنٹین برج کی 100 ویں سالگرہ منانے کے لیے، یہ ٹائم کیپسول ایک موزوں طریقہ ہے۔ یہ برج، وادی ہڈسن کے لیے ایک ناقابل یقین اثاثہ ہے اور یہ برج اپنے خوبصورت منظر نامے کا اظہار کرتا ہے۔ ریاست نیویارک برج اتھارٹی کی معاونت کے لیے اورنج کاؤنٹی یہاں موجود ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ جب یہ ٹائم کیپسول کھولا جائے تو بیئر ماؤنٹین برج کو یاد رکھا جائے۔"

**ہڈسن ویلی کے تاریخی برجز کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kathryn Burke نے کہا،** "اگر بیئر ماؤنٹین برج کے مشہور ڈھانچے کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے ہم نے کچھ بھی معلوم کیا ہے، تو اس نے ہمیں یہ سکھایا ہے کہ 1940 میں اس خوبصورت برج کو چلانے اور اس کی دیکھ بھال شروع کرنے کے بعد سے، برج اتھارٹی کی جانب سے فراہم کردہ بہترین دیکھ بھال نے بیئر ماؤنٹین برج کو فعال بنایا ہے تاکہ یہ اپنی اگلی صدی میں ایک بہترین شکل میں داخل ہونے کے لیے تیار ہو جائے! ایک ناقابل یقین برج بنانا صرف نقطۂ آغاز ہے؛ اسے ناقابل یقین بنا کر رکھنا ہی عظیم بنیادی ڈھانچے کا راز ہے۔"

**پیک اسکل سٹی اسکول ڈسٹرکٹ کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر David Mauricio نے کہا،** "اس پروجیکٹ میں اپنے طلبا کو شامل کرنے پر، پیک اسکل بورڈ آف ایجوکیشن اور میری ٹیم کی جانب سے، میں NYS برج اتھارٹی کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ یہ واقعی ایک اعزاز کی بات ہے کہ ہمارے ہل کرسٹ اسکالرز کو بیئر ماؤنٹین برج کی صد سالہ تقریبات کا حصہ بنایا گیا ہے، خاص طور پر بطور سکول ڈسٹرکٹ ہم اپنی 100 سالہ سالگرہ منا رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے بچوں کے خطوط اب سے ایک صدی بعد کھولے جائیں گے، اس بات سے بیئر ماؤنٹین برج اور ہمارے عظیم سکول ڈسٹرکٹ کے درمیان یہ تاریخی رشتہ جاری رہے گا۔ بہت سے لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ جس آرکیٹیکٹ، Antonio Renza، نے برج کے ٹول ہاؤسز بنائے ہیں، انہوں نے ہی ہماری موجودہ انتظامیہ کی عمارت کے ساتھ ڈرم ہل کی تعمیر بھی کی ہے، جو کبھی پیک اسکلز ہائی اسکول تھا۔ مقامی تاریخ کے بارے میں نہ صرف جاننا، بلکہ اس کا حصہ بھی بننا، یہ ہمارے طلباء کے لیے ایک شاندار موقع تھا۔"

**ہڈسن ویلی کے تاریخی برجز بورڈ کی رکن Tara Sullivan نے کہا،** "یہاں ریاست نیویارک برج اتھارٹی کے طویل آزمودہ منترا کی ایک مشہور نشانی ایستادہ ہے یعنی کہ: 'دیکھ بھال ملتوی کرنا دیکھ بھال سے انکار کرنا ہوتا ہے۔' اس خودمختار علاقائی اتھارٹی کے اعلیٰ اور تجربہ کار عملے کی مسلسل دیکھ بھال کے سرگرم طریقے کی بدولت، بیئر ماؤنٹین برج بہترین حالت میں موجود ہے۔ اگلے 100 سالوں تک اور ایک ٹائم کیپسول کے ساتھ اس تاریخی کارنامے کو یادگار بنانے کے لیے NYSBA کو مبارکباد!"

**ٹائم کیپسول کا انتساب**

آج برج پر، NYSBA کی قیادت نے دیگر ریاستی ایجنسیوں، منتخب عہدیداروں، اور کمیونٹی کے اراکین کے ساتھ شرکت کی تاکہ برج کی تعمیر شروع ہونے کے 100 سال مکمل ہونے کے اعزاز میں ایک ٹائم کیپسول مختص کیا جائے۔ کیپسول میں متعدد اشیا شامل کی گئی ہیں، جن میں گورنر Hochul اور لیفٹیننٹ گورنر Delgado کے خطوط، Harriman خاندان سے متعلق نمونے، برج کی تحریری یادیں، اور برج اتھارٹی اور ہڈسن ویلی کے علاقے کی جانب سے مختلف یادداشتیں شامل ہیں۔ پیک اسکل میں ہل کریسٹ ایلیمنٹری اسکول میں 4 چوتھی جماعت کے طلبا کی طرف سے مستقبل کے لیے لکھے گئے خطوط بھی شامل ہیں۔

اس ٹائم کیپسول کو NYSBA کے سب سے طویل عرصے تک خدمات انجام دینے والے ملازم John Brooks نے سر بہمر کر دیا تھا۔ السٹر کاؤنٹی کے رہائشی، مسٹر Brooks نے پہلی بار ستمبر 1966 میں شروع ہونے والے مڈ ہڈسن برج پر ٹول کلکٹر کے طور پر کام کیا تھا۔ 1997 میں کل وقتی سروس سے ریٹائر ہونے کے بعد سے، مسٹر Brooks نے ہائی لینڈ، NY میں NYSBA ہیڈکوارٹرز میں ایک جزوقتی ملازم کے طور پر کام کرتے ہوئے، اتھارٹی کے لیے خدمت کے 56 سے زائد سال وقف کیے تھے۔

اس ٹائم کیپسول کو برج کے مغربی لنگر خانے میں نصب کر دیا جائے گا اور اسے اب سے 100 سال بعد اپریل 2123 میں دوبارہ کھول دیا جائے گا۔ یہ جگہ برج کی تاریخی انتظامیہ کی عمارت کے تہہ خانے میں واقع ہے اور یہ بیئر ماؤنٹین برج میوزیم کا مسکن ہے۔ اس جگہ کا نام، ایک ریٹائرڈ برج فورمین کی یاد میں رکھا گیا Richy Vacek ہے، جس میں ایک چھوٹا سے میوزیم اور کلاس روم واقع ہے جو اپائنٹمنٹ کے ذریعے اسکولوں اور دوسرے گروپس کے لیے کھلا ہے۔

**نئی صد سالہ ویب سائٹ کا آغاز کیا گیا**

برج اتھارٹی نے برج کی 100 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک نئی ویب سائٹ شروع کی ہے: www.bmb100.com۔ وہاں سیاحوں کو سو سالوں سے متعلقہ واقعات کے بارے میں معلومات تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے، یادداشتوں کا تبادلہ ہو سکتا ہے، اور آرکائیول مواد دیکھا جا سکتا ہے۔ خاص طور پر، اکتوبر 1924 میں برج کی تعمیر کی لی گئی فلمی فوٹیج ویب سائٹ پر پیش کی جا رہی ہے، جو کہ جنوبی کیرولینا یونیورسٹی میں موونگ امیج ریسرچ کلیکشن کے تحفظ کی کوششوں کی بدولت وجود میں آئی تھی۔

سو سالوں سے متعلقہ تقریبات کے بارے میں مزید تفصیلات جیسے ہی دستیاب ہوں گی انہیں ویب سائٹ پر شائع کر دیا جائے گا۔

**ایک دستاویزی فلم تیاری کے مراحل میں ہے**

ایک دستاویزی فلم بھی تیار کی جا رہی ہے، جس کی مدت تقریباً ایک گھنٹہ متوقع ہے۔ فلم کا یہ پروجیکٹ، برج اتھارٹی، ہڈسن ویلی کے غیر منافع بخش تاریخی برجز اور SDS امیجری کے مقامی ویڈیو گرافر Scott Snell کے درمیان عمل میں آنے والی ایک مشترکہ کوشش ہے۔

**بین الاقوامی انجینئرنگ کانفرنس، ہڈسن ویلی آ رہی ہے**

بین الاقوامی کیبل سے معاونت شدہ برج آپریٹرز کی ایسوسی ایشن ( International Cable Supported Bridge Operators Association، ICSBOA) کی 2024 کانفرنس کے لیے جگہ کے طور پر، ہڈسن ویلی کو منتخب کیا گیا ہے۔ کانفرنس کا 12واں ایڈیشن 6 سے 10 اکتوبر 2024 تک ریاستہائے متحدہ کی ملٹری اکیڈمی ویسٹ پوائنٹ میں منعقد ہو گا۔ توقع کی جا رہی ہے کہ دنیا بھر سے انجینئرز اور برج آپریٹرز کو یہاں اکٹھا کیا جائے گا اور اپنے صد سالہ سال کے دوران بیئر ماؤنٹین برج کی نمائش کی جائے گی۔

ICSBOA اس بات پر توجہ کرتی ہے کہ آپریشنز اور احتیاطی دیکھ بھال میں بصیرت اور مہارت کا اشتراک کرتے ہوئے کیبل سے معاونت شدہ برج کے بنیادی ڈھانچے کو برقرار اور پائیدار رکھنے میں اپنے اراکین کی مدد کی جائے۔ کیبل کی معاونت سے چلنے والے برجز میں NYSBA کے بیئر ماؤنٹین برج اور مڈ ہڈسن برج جیسے معلق برجز شامل ہیں۔ بہترین طریقوں کے تبادلے کا مرکزی فورم، بین الاقوامی کیبل سے معاونت شدہ برج آپریٹرز کی کانفرنس (International Cable Supported Bridge Operators Conference، ICSBOC) کے ذریعے کام کرتا ہے، جو ہر دو سے تین سال بعد دنیا بھر کے مقامات پر منعقد ہوتی ہے۔ تازہ ترین ICSBOC نومبر 2022 میں جاپان کے کوبے میں منعقد پائی تھی۔

یہ کانفرنس NYSBA اور ہڈسن ویلی کے لیے خاص اہمیت رکھتی ہے۔ ویسے تو ICSBOA کو باضابطہ طور پر 2013 میں ایک تنظیم کے طور پر قائم کیا گیا تھا، لیکن اس کے اجتماعات کا تعلق 1991 سے ہے، جب NYSBA نے 100 سے زیادہ انجینئرز اور برج مالکان کو پوکیپسی، NY میں اکٹھا کیا تھا تاکہ مڈ ہڈسن برج اور دیگر کیبل سے معاونت شدہ برجز پر معلق کیبلز کو مضبوط کرنے کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا جا سکے۔ دوسری کانفرنس 2000 میں بیئر ماؤنٹین برج کے متعلق منعقد کی گئی تھی، جس کے بعد ہر دو یا تین سال بعد دنیا بھر میں مختلف گردشی مقامات پر کانفرنسیں منعقد کی گئی تھیں۔

**ریاست نیو یارک کی برج اتھارٹی کے بارے میں**
ریاست نیو یارک کی برج اتھارٹی بیئر ماؤنٹین، نیوبرگ-بیکن، مڈ-ہڈسن، کنگسٹن-رائنکلف اور رِپ وان ونکل پُلوں کا انتظام سنبھالے ہوئے ہے۔ یہ اتھارٹی ہڈسن پر پیدل سفر کرنے والے برج کے اوپر روش کے ڈھانچے کی ملکیت بھی رکھتی ہے اور اس کی دیکھ بھال بھی کرتی ہے۔ اس اتھارٹی کو ریاستی یا وفاقی ٹیکس ڈالرز کے ذریعے کوئی آپریٹنگ فنڈنگ نہیں ملتی، اس کی تقریباً تمام آمدنی محصولوں کے ذریعے آتی ہے۔ ان محصولوں سے اتھارٹی کے اسپینز پر سرمایہ کاریوں میں بہتری لانے کے لیے دوبارہ سرمایہ کاری کی جاتی ہے، جو اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ بنیادی ڈھانچے کے یہ اہم حصے آنے والی دہائیوں تک ہڈسن ویلی کی خدمت جاری رکھ سکیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں